**03.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے راجیہ سبھا میں یقین دلایا کہ سرکار، منی پور میں صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔

☆ حکومت نے سکیورٹی، اقتصادی اور سیاسی امور سے متعلق کابینہ کمیٹیاں تشکیل دی ہیں۔

☆ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ہاتھرس اسپتال میں بھگدڑ کے واقعے میں زخمی افراد سے ملاقات کی۔ انھوں نے جائزہ میٹنگ بھی کی۔

☆ جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ چمپئی سورین نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے ایگزیکٹیو صدر ہیمنت سورین دوبارہ وزیر اعلیٰ بننے والے ہیں۔

☆ اور...... بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چار سے پانچ کے روز کے دوران ملک شمال مشرقی علاقوں میں شدید سے انتہائی شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

..........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## Rev. RS PM Address

وزیر اعظم نریندر مودی نے اعادہ کیا ہے کہ ان کی حکومت منی پور میں صورت حال کو معمول پر لانے کیلئے مسلسل کوشش کر رہی ہے۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک کا راجیہ سبھا میں جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے یقین دہانی کرائی کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں، منی پور میں امن اور خوشحالی کو یقینی بنانے کیلئے تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ تبادلہ خیال کر رہی ہیں۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ وزیر داخلہ نے بذاتِ خود منی پور میں رہتے ہوئے امن کی کوششوں کی قیادت کی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ منی پور میں تشدد کے واقعات میں مسلسل کمی ہو رہی ہے۔

S/B 2100 PM on Manipur

راجیہ سبھا میں اپنے خطاب کے دوران، وزیر اعظم نے اِس وقت منی پور میں سیلاب کی سخت صورتحال کے بارے میں بھی اظہارِ تشویش کیا۔ انھوں نے بتایا کہ سیلاب سے راحت کے کام کیلئے NDRF کی دو ٹیمیں تعینات ہیں اور مرکزی حکومت راحت کی کارروائیوں میں ریاستی سرکار کے ساتھ قریبی تعاون سے کام کر رہی ہے۔ اِس سے قبل، جناب مودی نے یہ کہتے ہوئے کانگریس کی سخت سرزنش کی کہ وہ آئین کی سب سے بڑی مخالف ہے۔ انھوں نے کہا کہ آئین، حکومت کیلئے ایک مشعل راہ ہے۔ اپنی تیسری مدت کے دوران، NDA حکومت کے وژن سے متعلق جناب مودی نے کہا کہ غریبی کے خلاف جدوجہد، سرکار کا کلیدی ایجنڈا رہے گا اور ملک غریبی کے خلاف کامیاب ہوکر اُبھرے گا۔

جناب مودی نے کہا کہ بہبود کی اسکیموں کی رفتار، اُن کا اثر اور توسیع، حکومت کی اعلیٰ ترجیحات ہوں گی۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ حکومت، ملک کو اپنی تیسری مدت میں، دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بنانے کے تئیں عہد بند ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں آئندہ پانچ سالوں میں عوامی نقل وحمل کے نظام میں وسیع تبدیلیاں سامنے آئیں گی۔

S/B 2100 PM on Economy

جس وقت وزیر اعظم بیان دے رہے تھے، کانگریس، DMK، ٹی ایم سی، عام آدمی پارٹی، RJD، بائیں بازو اور دیگر سمیت اپوزیشن پارٹیوں نے شور شرابہ کیا اور ایوان کے وسط میں پہنچ گئے۔ چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اُن سے اپنی نشستوں پر واپس جانے کی درخواست کی۔ بعد میں، اپوزیشن پارٹیوں نے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔

اپوزیشن واک آؤٹ سے متعلق وزیر اعظم نے کہا کہ اپوزیشن میں اُن سوالات کے جوابات سننے کی سکت نہیں ہے جو اُن کے ذریعے اٹھائے گئے ہیں۔

اِس سے قبل ایوان نے اُن افراد کو خراجِ عقیدت پیش کیا جنھوں نے کل اترپردیش کے ہاتھرس میں ہوئے المناک حادثے میں اپنی جانیں گنوا دیں۔ چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ اِس المناک حادثے میں جانوں کا ضیاع اور افراد کا زخمی ہونا، دردناک اور ہولناک ہے۔ اپوزیشن کے لیڈر ملکا ارجن کھڑگے نے تجویز کیا کہ اِس طرح کے واقعات کو روکنے کیلئے قانون وضع کیا جانا چاہئے۔

S/B 2100 Malikarjun Kharge Hathras

دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک کو منظور کرنے کے بعد، آج راجیہ سبھا کی کارروائی کو، غیرمعینہ مدت کیلئے ملتوی کردیا گیا۔x

**VP PM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے، آج راجیہ سبھا کے 264ویں اجلاس کے اختتام کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں، نائب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ سے ملاقات کی۔ راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر جگت پرکاش نڈّا، مرکزی وزراء اور ارکان پارلیمنٹ بھی اس موقع پر موجود تھے۔x

## Kharge RS Walkout

راجیہ سبھا میں اپوزیشن لیڈر ملک ارجن کھڑگے نے آج کہا کہ اپوزیشن ایوانِ بالا سے واک آؤٹ کرگئی کیونکہ حکومت کے ذریعے مبینہ طور پر ایوان میں کچھ گمراہ کن حقائق پیش کیے گئے۔ پارلیمنٹ کے باہر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے جناب کھڑگے نے وزیر اعظم نریندر مودی کے الزامات پر سوال اٹھایا۔ وزیر اعظم نے الزام لگایا کہ کانگریس، آئین کی سب سے بڑی مخالف پارٹی ہے۔ جناب کھڑگے نے الزام لگایا کہ یہ BJP اور RSS تھی، جس نے آئین کی مخالفت کی تھی۔ x

## Cabinet Committees

حکومت نے کابینہ کی مختلف کمیٹیاں تشکیل دی ہیں۔ اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی میں گیارہ ارکان ہوں گے، جس کی سربراہی وزیر اعظم نریندر مودی کریں گے۔ کمیٹی کے ارکان میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، وزیر زراعت شیو راج سنگھ چوہان، اسٹیل کے وزیر ایچ ڈی کمارا سوامی اور پنچایتی راج کے وزیر راجیو رنجن سنگھ شامل ہیں۔ سکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی صدارت جناب مودی کریں گے۔ راج ناتھ سنگھ، امت شاہ، نرملا سیتا رمن اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔ پارلیمانی امور سے متعلق دس رکنی کابینہ کمیٹی کی سربراہی راج ناتھ سنگھ کریں گے۔ سیاسی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی میں وزیر اعظم سمیت 14 ارکان ہوں گے۔ تقرری سے متعلق کابینہ کمیٹی، جناب مودی اور جناب شاہ پر مشتمل ہے۔ کابینہ کی دیگر کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئی ہیں۔ x

## Hathras Stampede

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج ہاتھرس کے سرکاری اسپتال میں بھگدڑ کے واقعے میں زخمی ہونے والوں سے ملاقات کی اور وزرا اور چیف سکریٹری کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی۔ وزیر اعلیٰ نے جائے حادثہ کا بھی دورہ کیا۔ بھگدڑ میں مجموعی طور پر 121 افراد ہلاک اور 31 زخمی ہوگئے تھے۔ یہ حادثہ سکندرا راؤ تحصیل کے پھُلاری گاؤں میں ایک مذہبی لیڈر کے ست سنگ میں پیش آیا تھا۔ مرنے والے 121 افراد میں سے 6 افراد دیگر ریاستوں سے تھے جن میں ہریانہ، مدھیہ پردیش اور راجستھان شامل ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی سرکار نے آگرہ کے ADG کے زیر قیادت ایک SIT تشکیل دی ہے۔ اس نے اپنی ابتدائی رپورٹ پیش کردی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ ریاستی سرکار نے عدالتی تحقیقات کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے جس کی سربراہی ہائیکورٹ کے ایک ریٹائرڈ جج کریں گے۔ اس میں انتظامیہ اور پولیس کے ریٹائرڈ شدہ سینئر حکام بھی شامل ہوں گے۔x

## Rev. Jharkhand CM Resignation

جھارکھنڈ مکتی مورچہ JMM کے سینئر لیڈر ہیمنت سورین نے جھارکھنڈ میں سرکار کی تشکیل کیلئے آج اپنی دعویٰ پیش کردیا۔ جناب سورین نے گورنر سی پی رادھا کرشنن سے ملاقات کی اور JMM، کانگریس اور RJD کے ارکانِ

قانون ساز اسمبلی کی حمایت کا خط اُن کے حوالے کیا۔ جناب ہیمنت نے گورنر سے حلف برداری کی تقریب کیلئے وقت دینے کی درخواست کی۔ اس سے قبل، چمپئی سورین نے ہیمنت سورین کیلئے راہ ہموار کرنے کی غرض سے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ جناب سورین نے گورنر سی پی رادھا کرشنن سے ملاقات کی تھی اور اُنھیں اپنا استعفیٰ پیش کردیا تھا۔ سبکدوش وزیر اعلیٰ چمپئی سورین نے کہا کہ ہیمنت سورین کو JMM، کانگریس اور RJD کے ارکانِ قانون ساز اسمبلی کی میٹنگ میں لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ہیمنت سورین نے وزیر اعلیٰ کے عہدے سے اُس وقت استعفیٰ دے دیا تھا جب اُنھیں غیرقانونی طور پر پیسہ وصول کرنے کے ایک معاملے میں ED نے اِس سال 31 جنوری کو گرفتار کیا تھا۔x

## Kejriwal Court

دلّی کی راؤز اوینو عدالت نے ختم کر دی گئی دلّی آبکاری پالیسی سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی عدالتی تحویل میں 12 جولائی تک توسیع کر دی ہے۔ عدالت نے کجریوال کی اُس عرضداشت پر فیصلہ محفوظ رکھا جس میں AIIMS کی جانب سے تشکیل دیئے گئے خصوصی بورڈ کے ساتھ میڈیکل جانچ کے دوران اپنی اہلیہ کو ساتھ رکھنے کی درخواست کی گئی۔ دلّی کی عدالت نے اس معاملے میں دلّی کے سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیہ اور BRS قانون ساز K کویتا کی عدالتی تحویل میں بھی 25 جولائی تک توسیع کر دی۔ اِسی سے متعلق پیش رفت کے تحت جناب کجریوال نے آبکاری پالیسی مبینہ گھپلہ معاملے میں CBI کی جانب سے اپنے خلاف درج کئے گئے بدعنوانی کیس میں ضمانت کیلئے دلّی ہائی کورٹ سے رجوع کیا۔

عدالت اِس عرضداشت پر 5 جولائی کو سماعت کرے گی۔ عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کجریوال کو CBI نے 26 جون کو تہاڑ جیل سے گرفتار کیا تھا جہاں وہ انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے درج کیے گئے کالے دھن کو جائز بنانے سے متعلق معاملے میں اب بھی عدالتی تحویل میں ہیں۔ جناب کجریوال CBI کے ذریعے اپنی گرفتاری کو پہلے ہی چیلنج کرچکے ہیں۔ اس سے متعلق اُن کی درخواست ہائی کورٹ میں زیر التوا ہے۔ x

## Health Ministery Zika Virus

مہاراشٹر سے Zika وائرس کے کچھ معاملات کی رپورٹ موصول ہونے کے مدنظر، صحت اور خاندان کی بہبود کی وزارت نے، ملک میں Zika وائرس کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھنے کی صورتحال کو برقرار رکھنے کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہوئے، ریاستوں کو ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ چونکہ Zika وائرس متاثرہ حاملہ خواتین کے جنین اور اعصاب پر اثرات پڑنے کے ساتھ منسلک ہے، اس لیے ریاستوں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ ڈاکٹروں کو سخت نگرانی کیلئے انتباہ کریں۔ ریاستوں کو متاثرہ علاقوں یا اُن صحت کی سہولیات کو جو متاثرہ علاقوں میں اِن معاملات کی دیکھ بھال کر رہے ہیں، سخت ہدایت دی گئی ہیں کہ وہ حاملہ خواتین کی Zika وائرس سے متاثر ہونے کے بارے میں جانچ کریں۔

ریاستوں کو یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ صحت کی سہولیات نیز اسپتالوں کی نگرانی کرنے اور متعلقہ احاطوں کو مچھروں سے پاک رکھنے کیلئے ایک نوڈل آفیسر کی تعیناتی کریں۔x

## 5G Specttrum Auction

بھارت نے 5-G اسپیکٹرم ویوز کی تازہ ترین نیلامی شروع کر دی ہے، جس کی مالیت 96 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ گزشتہ کل شروع ہوئی نیلامی 8 بینڈز کا احاطہ کرے گی، جس میں ٹیلی مواصلات کی خدمات فراہم کرنے والی بڑی کمپنیاں فائیو-جی موبائل خدمات کیلئے ضروری ریڈیو فریکوئنسیز حاصل کرنے کی کوشش کریں گی۔ اگست 2022 میں ہوئی پچھلی اسپیکٹرم نیلامی کے ذریعے حکومت کو ریکارڈ ڈیڑھ لاکھ کروڑ روپے حاصل ہوئے تھے۔ اس مرتبہ حکومت، فروخت کیلئے 10 اعشاریہ پانچ گیگا ہرٹز 5-G ایئر ویوز پیش کر رہی ہے، جو کہ ملک میں جولائی 2022 میں پیش کی گئی پہلی 5-G اسپیکٹرم نیلامی سے 72 گیگا ہرٹز سے کم ہے۔ x

## Bangladesh CNS

بھارتی بحریہ کے عملے کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی نے آج ڈھاکہ میں بنگلہ دیش کی وزیر اعظم کے سکیورٹی مشیر میجر جنرل طارق احمد صدیقی ریٹائرڈ کے ساتھ بات چیت کی۔ بھارتی بحریہ کے ترجمان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ میں کہا کہ دونوں کے درمیان تبادلہ خیال میں دفاعی تعاون کے ذریعے دونوں ملکوں کے درمیان طویل مدتی تعلقات کو توسیع دینے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ بحری عملے کے سربراہ، بنگلہ دیش کے سرکاری دورے پر ہیں۔x

## IMD Rainfall

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے چار سے پانچ روز کے دوران ملک کے شمال مشرقی علاقوں میں شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے کہا کہ اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ کے علاقوں میں الگ الگ مقامات پر انتہائی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے مزید کہا کہ اگلے تین روز کے دوران کیرالہ، لکشدیپ، ساحلی کرناٹک، گوا، گجرات، وسطی مہاراشٹر، ساحلی آندھرا پردیش، کرناٹک کے وسطی علاقوں، تمل ناڈو اور تلنگانہ میں بھی ہلکی سے اوسط بارش ہوسکتی ہے۔ IMD نے اگلے اتوار تک جموں، کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش، اترپردیش اور ہریانہ کے علاقوں میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

## IMD Monoon

جنوب مغربی مانسون پنجاب، ہریانہ، اترپردیش، مغربی بنگال، تریپورہ میں پہنچ گیا ہے اور منی پور کی جانب پیشرفت کرگیا ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے آج اتراکھنڈ میں انتہائی شدید بارش ہونے کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اِسی دوران، قومی راجدھانی میں آئندہ پانچ-چھ دنوں کیلئے اوسط بارش، گرج چمک اور بجلی چمکنے کے ساتھ عام طور پر بادل چھائے رہیں گے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆